رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵ — ٹیلیفون نمبر ۹۱

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ — عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

اللّٰه اکبر

روزنامہ الفضل قادیان

THE DAILY

ALFAZL, QADIAN.

ایڈیٹر غلام نبی

تار کا پتہ "الفضل" قادیان

شرح چندہ پیشگی — سالانہ ؏ — ششماہی ۸ — سہ ماہی ۱۲

قیمت فی پرچہ ایک آنہ — قیمت سالانہ پیشگی بیرون ہند ۱۸

جلد ۲۵ — مورخہ ۱۱ محرم ۱۳۵۶ھ — یوم پنجشنبہ — مطابق ۲۵ مارچ ۱۹۳۷ء — نمبر ۶۹

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۳ مارچ۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے متعلق آج کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ حضور کی صحت خدا تعالےٰ کے فضل سے بہتر ہے ؂

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت پھر ناساز ہو گئی ہے۔ انتڑیوں میں درد ہے۔ اور سر میں چکر آتے ہیں۔ احباب دعائے صحت کریں ؂

تحقیقاتی کمیشن کے حسب ذیل ممبر صاحبان نے آج نظارت اعلےٰ کا معائنہ کیا۔ (۱) حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب صدر (۲) جناب ملک غلام محمد صاحب (۳) جناب غلام محمد صاحب اختر سکرٹری۔

نظارت دعوۃ و تبلیغ کی طرف سے ڈاکٹر عبدالرحمن صاحب موگا جام پور ضلع ڈیرہ غازیخاں اور گیانی عباد اللہ صاحب مبلغ اچھوت اقوام ضلع گوجرانوالہ میں تبلیغی دورہ پر بھیجے گئے۔ نہایت افسوس کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ کہ خان بہادر م

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

لوگوں کی نظر میں دیوانہ لیکن خدا کی نظر میں عقلمند اور فرزانہ بنو

"مرنے کے بعد کامل نجات اور سچی خوشحالی اور حقیقی سرور کا وہ شخص مالک ہو گا۔ جس نے وہ زندہ اور حقیقی نور اس دنیا میں حاصل کر لیا۔ جو انسان کے سو نہہ کو اسکی تمام قوتوں اور طاقتوں اور ارادوں کے ساتھ خدا تعالےٰ کی طرف پھیر دیتا ہے۔ اور جس سے اس سفلی زندگی پر ایک موت طاری ہو کر انسانی روح میں ایک سچی تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ زندہ اور حقیقی نور کیا چیز ہے۔ وہی خداداد طاقت ہے۔ جس کا نام یقین اور معرفت تامہ ہے۔ یہ وہی طاقت ہے جو اپنے زور آور ہاتھ سے ایک خوفناک اور تاریک گڑھے سے انسان کو باہر لاتی اور نہایت روشن اور پُرامن فضا میں بٹھا دیتی ہے اور قبل اس کے جو یہ روشنی حاصل ہو تمام اعمال صالحہ رسم اور عادت کے رنگ میں ہوتے ہیں۔ اور اس صورت میں ادنےٰ ادنےٰ ابتلاؤں کے وقت انسان ٹھوکر کھا سکتا ہے۔ بجز اس مرتبہ یقین کے خدا سے معاملہ صافی کس کا ہو سکتا ہے؟ جسکو یقین دیا گیا ہے وہ پانی کی طرح خدا کی طرف بہتا ہے۔ اور ہوا کی طرح اس کی طرف جاتا ہے۔ اور آگ کی طرح غیر کو جلا دیتا ہے۔ اور مصائب میں زمین کی طرح ثابت قدمی دکھلاتا ہے۔ خدا کی معرفت دیوانہ بنا دیتی ہے۔ مگر لوگوں کی نظر میں دیوانہ اور خدا کی نظر میں عقلمند اور فرزانہ یہ شربت کیا ہی شیریں ہے کہ حلق سے اترتے ہی تمام بدن کو شیریں کر دیتا ہے۔ اور یہ دودھ کیا ہی لذیذ ہے کہ ایک دم میں تمام فضولوں سے فارغ اور لاپروا کر دیتا ہے۔ مگر یہ ان دعاؤں سے حاصل ہوتا

لنڈن میں تبلیغ کا ایک بہترین موقعہ

احباب سے ضروری گذارش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احباب کو معلوم ہے۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ۱۸۹۱ء میں رؤیا میں دیکھا۔ کہ آپ لندن میں ایک ممبر پر کھڑے ہیں۔ اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلل بیان سے اسلام کی صداقت ظاہر فرما رہے ہیں حضور نے اس کی یہ تعبیر فرمائی کہ حضور کی تحریریں۔ ان لوگوں میں پھیلیں گی۔ اور بہت سے راستباز انگریز صداقت کا شکار ہوجائیں گے سو یہ تمام باتیں انشاء اللہ پوری ہوں گی۔ اور مغرب سے طلوع شمس ہوگا۔ لیکن اس کے لئے ضروری ہے۔ کہ یہاں کثرت سے احمدیہ لٹریچر کی اشاعت کی جائے۔ میں اسوقت احباب سے مفت لٹریچر کے متعلق عام اپیل نہیں کرنا چاہتا بلکہ ایک خاص موقعہ سے فائدہ اٹھانے کے لئے نہایت درمندانہ گذارش کرتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ موجودہ بادشاہ کی تاجپوشی ماہ مئی میں ہونے والی ہے۔ اُسے کامیاب بنانیکے لئے بڑے زور شور سے تیاریاں ہو رہی ہیں۔ اور اس تقریب پر دنیا کے تمام بڑے بڑے ممالک کے امراء اور رؤسا لندن پہونچیں گے۔ اس لئے اگر دوست دنیا کے چاروں اطراف سے آنیوالے اکابر کو تبلیغ احمدیت کرنا چاہتے ہیں۔ تو بکڈپو سے تبلیغی انگریزی سٹ خرید کر ہمیں پہونچادیں یا اگر کسی نے خرید کئے ہوئے ہوں۔ اور وہ باہر نہ بھیجے گئے ہوں۔ تو وہ بھی ہمیں بھیجدیں ہم انشاء اللہ ان اکابر کو جو دور دراز ملکوں سے تاجپوشی کے موقعہ پر تشریف لائیں گے بطور تحفہ پیش کردیں گے۔ بہت ممکن ہے۔ کہ ان میں بہت سی سعید روحیں ایسی ہوں جو حق کی پیاسی ہوں لیکن عدم علم کی وجہ سے وہ اس سعادت کے حصول سے محروم ہوں۔ امید ہے۔ کہ احباب اس طرف پوری توجہ فرمائیں گے۔ اور مغرب میں شیوع اسلام کیلئے دردِ دل سے دعا فرمائیں گے۔

خاکسار:۔ جلال الدین شمس از لندن

مجلس مشاورت ۳۶ء کے دوسرے اجلاس کی رپورٹ

مجلس مشاورت ۱۹۳۶ء کے اجلاس ثانی کی رپورٹ شائع ہوچکی ہے۔ جو جماعتیں حاصل کرنا چاہیں۔ وہ میرے دفتر سے وصول فرمائیں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری)

ایک قابل گریجویٹ کی ضرورت

صدر انجمن احمدیہ قادیان کے ایک اہم ادارہ میں ایک تجربہ کار اچھی صحت کے ایک گریجویٹ کی ضرورت ہے جو دفتری انتظام سے اچھی طرح واقف ہوں۔ اور انگریزی میں بے تکلف گفتگو اور ڈرافٹ کرسکتے ہوں۔ معاوضہ معقول دیا جائے گا۔

درخواستیں مقامی امیر یا پریذیڈنٹ کی مصدقہ ۳۱ مارچ تک پہونچنی ضروری ہیں۔

ناظر اعلےٰ صدر انجمن احمدیہ قادیان۔

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۲۲ مارچ ۱۹۳۷ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

غیر ممالک کے مندرجہ ذیل اصحاب بذریعہ خطوط حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہاتھ پر بیعت کرکے داخلِ احمدیت ہوئے ہیں

82	Miss Kriecenyak M. Mariam.	Budapest.
83	Mr. Mukhtar Ahmad Esq	Malaya.
84	Ernest Smith Esq.	Washington
85	Marcus Garvey Merritt Esq	"
86	Harold Merritt Esq	"

اخبارِ احمدیہ

تصحیح صوبیدار میجر نظام الدین صاحب کو۔ او۔ بی۔ آئی۔ درجہ دوئم مع خطاب "بہادر" عطا ہوا ہے۔ نہ کہ خان بہادر احباب کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے

اعلانات نکاح ۱۹ مارچ حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب نے صفیہ بیگم بنت برادرِ محترم عبدالغنی صاحب ساکن ڈھرمکوٹ بگہ کا نکاح مولوی عبدالکریم صاحب جہلمی مولوی فاضل ٹیچر ڈی۔ بی ہائی سکول۔ ڈھڈیالہ جالپ ضلع جہلم سے بعوض مبلغ پانصد روپیہ مہر۔ پڑھا۔ احباب دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے مبارک کرے خاکسار:۔ قمر الدین مولوی فاضل قادیان۔ (۲) اقبال بیگم صاحبہ بنت شیخ دانشمند صاحب مرحوم ساکن سیالکوٹ کا نکاح شیخ عبدالباری صاحب ولد شیخ عبدالحق صاحب ساکن گجرات کے ساتھ پانچ ہزار روپیہ مہر پر الحاج مولانا عبدالرحیم صاحب نیر نے پڑھا۔ احباب دعا کریں کہ یہ تعلق جانبین کے لئے بابرکت ہو۔) خاکسار:۔ عبدالرحمٰن مولوی فاضل (جامعہ)

درخواست دعا میرا لڑکا حمید ایک لمبے عرصے سے بیمار ہے۔ احباب دعائے صحت کریں۔ نیز اشرف و امجد کے برسر روزگار ہونے کیلئے بھی دعا کی جائے۔ خاکسار:۔ محمد علی خان اشرف ہوشیارپوری۔

زمین قابل فروخت

نواب صاحب کی کوٹھی کے شمال مغرب میں ایک نہایت باموقع زمین قابل فروخت ہے۔ زمین بڑی سڑک پر ہے۔ اور غلام محمد خان صاحب گلگتی کے احاطہ کے جانب مشرق واقع ہے۔ رقبہ زمین ساڑھے نو کنال ہے۔ قیمت کا تصفیہ بذریعہ خط و کتابت یا زبانی گفتگو سے کیا جاسکتا ہے۔

مرزا شریف احمد قادیان

429

Digitized by Khilafat Library Rabwah

الفضل بسم اللہ الرحمن الرحیم
قادیان دارالامان مورخہ ۱۱ محرم ۱۳۵۶ھ

دُنیا میں بہترین مذہب کونسا ہے؟

کامل مذہب ایک ہی ہوسکتا ہے

پارلیمنٹ مذاہب کے موقعہ پر جو چند دن ہوئے۔ کلکتہ میں منعقد ہوئی تھی گاندھی جی نے سر فرانسس ینگ ہسبینڈ سے درخواست کی۔ کہ وہ پارلیمنٹ کو بتائیں دُنیا میں بہترین مذہب کونسا ہے۔ سر فرانسس نے ان کے جواب میں کہا۔ ہر شخص کے نزدیک اس کا اپنا مذہب ہی سب سے بہتر ہے۔ ظاہر ہے۔ سر فرانسس کا یہ جواب گو عام لوگوں کے طریق عمل کے مطابق ہے۔ لیکن اسے گاندھی جی کے سوال کا صحیح جواب نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ یہ بات تو درست ہے۔ کہ ہر شخص اپنے مذہب کو بہترین مذہب خیال کرتا ہے۔ لیکن حقیقت الامر یہ ہے۔ کہ نہ ہر شخص کا خیال درست ہوسکتا ہے۔ اور نہ یہ درست ہے۔ کہ ہر مذہب موجودہ زمانہ میں قابل عمل۔ اور اپنی اصل غرض کو پورا کر رہا ہے۔ کامل مذہب دُنیا میں ایک ہی ہے اور ایک ہی ہوسکتا ہے مختلف زمانوں میں جن صداقتوں کا ظہور ہوا۔ بے شک وہ قابل قبول ہیں۔ کیونکہ جب تمام صداقتوں کا منبع و مأخذ ایک ہی ہستی ہے تو یہ کس طرح ممکن ہے۔ کہ کسی گزشتہ زمانہ میں ظاہر ہونے والی صداقتوں کا انکار کیا جائے۔ ہاں یہ ضرور ہے۔ کہ وہ صداقتیں ایک مکمل و جامع صورت میں دُنیا کے سامنے ابھی پیش نہ ہوئی تھیں۔ بلکہ کامل اور جامع صداقت کا جزو تھیں۔ اور ضروری تھا۔ کہ صداقت کو اس طرح جزئیات کی صورت میں آہستہ آہستہ دُنیا کے سامنے پیش کیا جاتا کیونکہ مختلف زمانوں کی ضروریات ان کے حالات اور ان کے مصالح الگ الگ تھے۔ ان کی روحانی اور مادی بیماریاں جدا جدا تھیں ان میں سرایت کردہ زہروں کی تاثیریں مختلف تھیں ؛

کامل مذہب ایک ہی ہے

پس ان بیماریوں کے دفعیہ کے لئے جدا جدا علاج اور ان سمیات کے ازالہ کے لئے الگ الگ تریاق پیش کئے گئے۔ لیکن وہ تریاق کامل جس کی معجزانہ اور شفا بخش تاثیر تمام دُنیا کے لئے تھی اس وقت تک پیش نہیں کی گئی۔ جب تک دُنیا ہر قسم کی بیماریوں۔ اور ہر نوع کی ظلمتوں سے کامل طور پر تاریک و تار نہ ہوگئی۔ اور آفتاب صداقت اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ اس وقت تک طلوع نہ ہوا۔ جب تک خشکی اور تری دونوں نے سر تا پا اپنے آپ کو لبادۂ ظلمت میں پنہاں نہ کر لیا۔ پس کامل اور جامع صداقتوں کا آفتاب عین وقت پر اسلام کے نام سے ظاہر ہوا ؛

کامل مذہب کا سب سے بڑا نشان

کوئی شخص اس بات سے انکار نہیں کرسکتا۔ کہ سب سے بہترین مذہب وہی ہو سکتا ہے۔ جو ہر لحاظ سے کامل ہو۔ انسان کے ہر شعبۂ زندگی میں پوری پوری راہنمائی کرتا ہو۔ اور ہمارا دعوٰے ہے۔ کہ اسلام ہی کامل مذہب ہے۔ اور بنی نوع انسان کے لئے مکمل ہدایت نامہ۔ اس کے برعکس دوسرے تمام مذاہب ایسے ہیں۔ جن میں سے اگر بعض انسانی زندگی کے ایک پہلو پر زور دیتے ہیں۔ تو بعض اپنا سارا زور دوسرے پہلو پر صرف کر دیتے ہیں۔ اگر ایک افراط کی حد کو پہنچے ہوئے ہیں۔ تو دوسرے تفریط کی حد کو۔ دُنیا کے تمام بڑے بڑے مذاہب مثلاً عیسائیت۔ موسویت۔ بدھ مت اور ہندو مذہب وغیرہ کی تعلیمات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان میں اعتدال و توازن قطعاً نہیں ہے۔ اور پھر سب سے بڑی بات تو یہ ہے۔ کہ آج سوائے اسلام کے کوئی ایسا مذہب نہیں ہے جس کے پیرو یہ کہہ سکیں۔ کہ خدا تعالےٰ اب بھی ان پر اسی طرح ظاہر ہوتا ہے جس طرح پہلے اپنے بندوں پر ظاہر ہوتا تھا۔ اب بھی ان کی پکار اسی طرح سنتا ہے۔ جس طرح پہلے سنتا تھا۔ آج بھی ان کو اپنے کلام سے اسی طرح مشرف فرماتا ہے۔ جس طرح پہلوں کو فرماتا تھا۔ یہ فضیلت۔ اور بے مثال خوبی صرف اسلام کو ہی حاصل ہے اور آج صفحۂ عالم پر صرف اسلام ہی ہے جس نے موجودہ زمانہ میں خدا تعالےٰ کا ایک برگزیدہ دُنیا کے سامنے پیش کیا اور جس کے فیض اور اثر سے دوسروں نے بھی زندہ خدا کے زندہ نشانات کا مشاہدہ کیا۔ اور وہ روحانی اور قلبی تسکین حاصل کی۔ جو عبد کو اپنے حقیقی معبود کے پا لینے سے حاصل ہوسکتی ہے۔ خدا تعالےٰ کا وہ برگزیدہ انسان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ اور آپ کے ذریعہ روحانی تسکین حاصل کرنے والے وہ لوگ ہیں۔ جو سچے دل سے جماعت احمدیہ میں داخل ہوئے۔ اور جنہوں نے اپنی ہر چیز خدا تعالےٰ کی خاطر پیش کر دی ؛

غرض موجودہ زمانہ میں خدا تعالےٰ کو پانے۔ اور اس کی نصرت حاصل کرنے کا دعوٰے کرنے والا سوائے اسلام کے اور کسی نے پیش نہیں کیا۔ اور نہ آئندہ کوئی پیش کرسکتا ہے۔ اور اس سے ثابت ہے کہ اس وقت دُنیا میں بہترین مذہب اسلام ہی ہے ؛

اسلام کی دیگر مذاہب پر فضیلت

یہ ہے اسلام کی دیگر مذاہب کے مقابلہ میں فضیلت۔ جسے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہایت ہی وضاحت کے ساتھ دُنیا کے سامنے پیش فرمایا ہے اور اپنے آپ کو اسلام کی اس فضیلت کے ثبوت میں پیش کیا ہے ؛

چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

"اگرچہ یہ زمانہ مذہبی جنگوں کا زمانہ ہے اور ہر ایک شخص خواہ تہذیب سے۔ اور خواہ غیر تہذیب سے۔ یہی کوشش کر رہا ہے۔ کہ اپنے مذہب کی حقانیت دوسروں پر ظاہر کرے۔ لیکن یہ عجیب خدا کی قدرت ہے۔ کہ باوجودیکہ ہمارے اس زمانہ میں ہزارہا مذاہب پھیل رہے ہیں۔ مگر بجز اسلام کے ہر ایک مذہب صرف اپنی خشک منطق سے خدا کو ثابت کرنا چاہتا ہے۔ یہ نہیں۔ کہ خدا اس مذہب کے پیرؤوں پر اپنا چہرہ آپ ظاہر کرے۔ پس دوسرے مذاہب گویا اپنے خدا پر احسان کر رہے ہیں کہ اس کے گم گشتہ وجود کا محض اپنے زور بازو سے پتہ لگانا چاہتے ہیں۔ مگر طالب حق ایسے پرمیشر یا خدا سے تسلی نہیں پا سکتا۔ جس پر اس قدر کمزوری اور ناتوانی غالب ہے۔ کہ ایک بے جان چیز کی طرح اپنے ظہور اور بروز میں دوسرے کے ہاتھ کا محتاج ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک خدا اپنے وجود کا آپ پتہ نہ دے۔ اور اپنی انا الموجود کی آواز سے اپنی ہستی کو آپ ظاہر نہ کرے تب تک انسان کا صرف اپنا یکطرفہ خیال کہ خدا موجود ہے۔ کب کسی دل کو پورے یقین تک پہنچا سکتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ تمام اعمال حسنہ کی بنیاد یقین ہے اور یقین ہی کے پاک چشمہ سے نیک اعمال نشو و نما پاتے ہیں۔ خدا کا وجود ایسا عمیق در عمیق اور نہاں در نہاں ہے کہ بجز خدا کے ہی ہاتھ کے جلوہ نما نہیں ہو سکتا۔ اور خدا کی سچی اطاعت، اور صدق اور خالص محبت اور وفاداری کا سبق وہی کتاب دے سکتی ہے جس کے آئینہ میں سے خدا خود اپنا چہرہ نمودار کرتا ہے۔ یہ قدرتی امر ہے کہ انسان خدا کی راہ میں پوری وفاداری دکھلا نہیں سکتا۔ اور نہ گناہ سے باز آ سکتا ہے جب تک کہ پورے یقین کے ساتھ خدا کی ہستی۔ اور اس کی عظمت اور جلال اس پر ظاہر نہ ہو۔ اور بجز اس کے کوئی کفارہ انسان کو گناہ سے روک نہیں سکتا۔

پس گناہ سے محفوظ رہنے اور صدق اور وفاداری اور محبت میں ترقی کرنے کے لئے جس امر کو تلاش کرنا چاہیئے۔ وہ محض اسلام میں موجود ہے نہ کسی اور مذہب میں اور اس سے میری مراد وہ نشان ہیں جو تازہ بتازہ اسلام میں ہمیشہ ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ اور میں سچ سچ کہتا ہوں۔ کہ خدا کا وجود جو اس زمانہ میں ایک حل طلب معما کی طرح ہو رہا ہے۔ اور اس کے چمکتے ہوئے جوہر پر دہریت کے خیالات نے ہزارہا گرد و غبار ڈال دیئے ہیں۔ اس پاک جوہر کی چمک ظاہر کرنے کیلئے اسی کے فوق العادت نشان ذریعہ ہو سکتے ہیں۔ اور نوع انسان کی نجات اسی چمک پر موقوف ہے۔ نہ کسی اور بناوٹی منصوبہ پر"۔ ....

"میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا۔ مگر میں اپنے ابتدائی زمانہ سے ہی اس بات کا گواہ ہوں۔ کہ وہ خدا جو ہمیشہ پوشیدہ چلا آیا ہے۔ وہ اسلام کی پیروی سے اپنے تئیں ظاہر کرتا ہے۔ اگر کوئی قرآن شریف کی سچی پیروی کرے۔ اور کتاب اللہ کے منشاء کے موافق اپنی اصلاح کی طرف مشغول ہو اور اپنی زندگی نہ دنیاداروں کے رنگ میں بلکہ خادم دین کے طور پر بنائے اور اپنے تئیں خدا کی راہ میں وقف کرے۔ اور اس کے رسول حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت رکھے۔ اور اپنی خودنمائی اور تکبر اور عجب سے پاک ہو۔ اور خدا کے جلال اور عظمت کا ظہور چاہے نہ یہ کہ اپنا ظہور چاہے۔ اور اس راہ میں خاک میں مل جائے۔ تو آخری نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے۔ کہ مکالمات الٰہیہ عربی فصیح بلیغ میں اس سے شروع ہو جاتے ہیں۔ اور وہ کلام لذیذ اور باشوکت ہوتا ہے۔ جو خدا کی طرف سے نازل ہوتا ہے۔ حدیث النفس نہیں ہوتا۔ حدیث النفس کا کلام آہستہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ ایک مخنث یا بیمار بولتا ہے۔ مگر خدا کا کلام پرشوکت ہوتا ہے۔ اور

اکثر عربی زبان میں ہوتا ہے۔ بلکہ اکثر آیات قرآنی میں ہوتا ہے۔ اور جو کچھ ہمارے تجربہ میں آیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اول دل پر اس کی سخت ضرب محسوس ہوتی ہے۔ اور اس ضرب کے ساتھ ایک گونج پیدا ہوتی ہے۔ اور پھر پھول کی طرح وہ شگفتہ ہو جاتا ہے۔ اور اس سے پاک اور لذیذ کلام نکلتا ہے۔ اور وہ کلام اکثر امور غیبیہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور اپنے اندر ایک شوکت اور طاقت اور تاثیر رکھتا ہے۔ اور ایک آہنی میخ کی طرح دل میں دھنس جاتا ہے۔ اور خدا کی خوشبو اس سے آتی ہے۔ یہ تمام لوازم اس لئے اس کے ساتھ لگائے گئے ہیں۔ کہ بعض ناپاک طبائع انسان شیطانی الہام بھی پاتے ہیں۔ یا حدیث النفس کے فریب میں آ جاتے ہیں۔ اس لئے خدا نے اپنے کلام کے ساتھ چمکتے ہوئے انوار رکھے ہیں۔ تا دونوں میں فرق ظاہر ہو"۔ (چشمۂ معرفت ص۲۹۷ تا ص۳)

ایک اور جگہ رقم فرماتے ہیں:۔

"ایک اسلام ہی ہے جس میں خدا بندہ سے قریب ہو کر اس سے باتیں کرتا اور اس کے اندر بولتا ہے۔ وہ اس کے دل میں اپنا تخت بناتا۔ اور اس کے اندر سے اسے آسمان کی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کو وہ سب نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ جو پہلوں کو دی گئیں۔ افسوس اندھی دنیا نہیں جانتی کہ انسان نزدیک ہوتا ہوتا کہاں تک پہونچ جاتا ہے۔ وہ آپ تو قدم نہیں اٹھاتے اور جو قدم اٹھائے تو یا تو اس کو کافر ٹھہرایا جاتا ہے۔ اور یا اس کو معبود ٹھہرا کر خدا کی جگہ دی جاتی ہے۔ یہ دونوں ظلم ہیں ایک افراط سے اور ایک تفریط سے پیدا ہوا۔ مگر عقلمند کو چاہیئے۔ کہ وہ کم ہمت نہ ہو اور اس مقام اور اس مرتبہ کا انکاری نہ رہے۔ اور نہ صاحب اس مرتبہ کی کسرشان کرے۔ اور نہ اس کی پوجا شروع کر دے۔ اس مرتبہ پر خدا تعالےٰ وہ تعلقات اس بندہ سے ظاہر کرتا ہے

کہ گویا اپنی الوہیت کی چادر اس پر ڈال دیتا ہے۔ اور ایسا شخص خدا کے دیکھنے کا آئینہ بن جاتا ہے۔ یہی بھید ہے۔ جو ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے خدا کو دیکھ لیا۔ غرض یہ بندوں کے لئے انتہائی مرتبہ ہے۔ اور اس پر تمام سلوک ختم ہو جاتے ہیں۔ اور پوری تسلی ملتی ہے۔ میں بنی نوع پر ظلم کروں گا۔ اگر میں اس وقت ظاہر نہ کروں۔ کہ وہ مقام جس کی میں نے یہ تعریفیں کی ہیں۔ اور وہ مرتبہ مکالمہ اور مخاطبہ جس کی میں نے اس وقت تفصیل بیان کی ہے۔ وہ خدا کی عنایت نے مجھے عنایت فرمایا ہے۔ تا میں اندھوں کو بینائی بخشوں۔ اور ڈھونڈنے والوں کو اس گم گشتہ کا پتہ دوں۔ اور سچائی قبول کرنے والوں کو اس پاک چشمہ کی خوشخبری سناؤں۔ جس کا تذکرہ بہتوں میں ہے۔ اور پانے والے تھوڑے ہیں۔ میں سامعین کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ وہ خدا جس کے ملنے میں انسان کی نجات اور دائمی خوشحالی ہے۔ وہ بجز قرآن شریف کی پیروی کے ہرگز نہیں مل سکتا۔ کاش جو میں نے دیکھا ہے لوگ دیکھیں۔ اور جو میں نے سنا ہے وہ سنیں۔ اور قصوں کو چھوڑ دیں اور حقیقت کی طرف دوڑیں۔ وہ کامل علم کا ذریعہ جس سے خدا نظر آتا ہے۔ وہ میل اتارنے والا پانی جس سے تمام شکوک دور ہو جاتے ہیں۔ وہ آئینہ جس سے اس برتر ہستی کا درشن ہو جاتا ہے۔ خدا کا وہ مکالمہ اور مخاطبہ ہے جس کا میں ابھی ذکر کر چکا ہوں۔ جس کی روح میں سچائی کی طلب ہے وہ اٹھے اور تلاش کرے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں۔ کہ اگر روحوں میں سچی تلاش پیدا ہو۔ اور دلوں میں سچی پیاس لگ جائے۔ تو لوگ اس طریق کو ڈھونڈیں اور اس راہ کی تلاش میں لگیں۔ مگر یہ راہ کس طریق سے کھلے گی۔ اور حجاب کس دوا سے اٹھیگا۔ میں سب طالبوں کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ صرف اسلام ہی ہے جو اس راہ کی خوشخبری دیتا ہے۔

اور دوسری قومیں تو خدا کے الہام پر مہر لگا چکی ہیں۔ سو یقیناً سمجھو۔ کہ یہ خدا کی طرف سے مہر نہیں۔ بلکہ محرومی کی وجہ سے انسان ایک حیلہ پیدا کر لیتا ہے۔ اور یقیناً سمجھو کہ جس طرح یہ ممکن نہیں کہ ہم بغیر آنکھوں کے دیکھ سکیں۔ اور بغیر کانوں کے سن سکیں۔ یا بغیر زبان کے بول سکیں۔ اسی طرح یہ بھی ممکن نہیں۔ کہ بغیر قرآن کے اس پیارے محبوب کا منہ دیکھ سکیں۔ میں جوان تھا اب بوڑھا ہوا۔ مگر میں نے کوئی نہ پایا۔ جس نے بغیر اس پاک چشمہ کے اس کھلی کھلی معرفت کا پیالہ پیا ہو"۔ (اسلامی اصول کی فلاسفی ص۱۲۱ تا ۱۲۲)

پھر فرماتے ہیں:۔

"میں سچ سچ کہتا ہوں۔ کہ اسلام ایسے بدیہی طور پر سچا ہے۔ کہ اگر تمام کفار روئے زمین دعا کرنے کے لئے ایک طرف کھڑے ہوں۔ اور ایک طرف صرف میں اکیلا اپنے خدا کی جناب میں کسی امر کے لئے رجوع کروں۔ تو خدا میری ہی تائید کریگا۔ مگر نہ اس لئے کہ سب سے میں ہی بہتر ہوں۔ بلکہ اس لئے کہ میں اس کے رسول پر دلی صدق سے ایمان لایا ہوں اور جانتا ہوں۔ کہ تمام نبوتیں اس پر ختم ہیں۔ اور اس کی شریعت خاتم الشرائع ہے۔ مگر ایک قسم کی نبوت ختم نہیں۔ یعنے وہ نبوت جو اس کی کامل پیروی سے ملتی ہے۔ اور جو اس کے چراغ میں سے نور لیتی ہے۔ وہ ختم نہیں کیونکہ وہ محمدی نبوت ہے یعنی اس کا ظل ہے اور اسی کے ذریعہ سے ہے۔ اور اسی کا مظہر ہے۔ اور اسی سے فیضیاب ہے۔ خدا اس شخص کا دشمن ہے جو قرآن شریف کو منسوخ کی طرح قرار دیتا ہے۔ اور محمدی شریعت کے برخلاف چلتا ہے۔ اور اپنی شریعت چلانا چاہتا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی نہیں کرتا۔ بلکہ آپ کچھ بننا چاہتا ہے۔ مگر خدا اس شخص سے پیار کرتا ہے۔ جو اس کی کتاب قرآن شریف کو اپنا دستور العمل قرار دیتا ہے۔ اور اس کے رسول حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو درحقیقت خاتم الانبیا سمجھتا ہے۔ اور اس کے فیض کا اپنے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

1130

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر غیر مبائعین کا حملہ

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی ایک تحریر کا حوالہ

حقیقۃ الوحی صفحہ ۳۹۰ پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی نبوت کے متعلق بحث کرتے ہوئے فرمایا ہے:۔

"نبی سے مراد صرف اس قدر ہے کہ بکثرت شرفِ مکالمہ مخاطبہ پاتا ہو۔ بات یہ ہے۔ کہ جیسا مجدد صاحب سرہندی نے اپنے مکتوبات میں لکھا ہے۔ کہ اگرچہ اس امت میں سے بعض افراد مکالمہ مخاطبہ الٰہیہ سے مخصوص ہیں۔ اور قیامت تک مخصوص رہیں گے۔ لیکن جس شخص کو بکثرت اس مکالمہ مخاطبہ سے مشرف کیا جائے۔ اور بکثرت امورِ غیبیہ اس پر ظاہر کئے جائیں۔ وہ نبی کہلاتا ہے"

اس تحریر سے ظاہر ہے۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی نبوت کے ثبوت میں حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی بیان کردہ تعریفِ نبوت کو بطور تائید پیش فرما رہے ہیں۔ لیکن آج کل عام غیر مبائعین کی طرح مولوی عمر الدین کا بھی یہ خیال ہے۔ کہ مکتوبات میں مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ نے کثرت مکالمہ مخاطبہ پانے والے کو محدث لکھا ہے۔ نبی نہیں لکھا۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجدد صاحب کی تحریر پیش کرتے ہوئے محدث کی بجائے نبی کا لفظ خود لکھدیا ہے گویا دوسرے لفظوں میں یہ لوگ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو غیر احمدیوں کے سامنے معاذ اللہ دیدہ دانستہ تحریف کرنے والا پیش کرنا چاہتے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ چنانچہ مولوی عمر الدین ۱۷۔ فروری ۱۹۳۷ء کے پیغام صلح میں لکھتے ہیں۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سہواً یا سبقتِ قلم سے محدث کے لفظ کی بجائے نبی کا لفظ نہیں لکھا۔ بلکہ دانستہ لکھا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں "یہی حق ہے۔ کہ اس موقعہ پر نبی کا لفظ دانستہ لکھا گیا ہے"

حضرت مسیح موعودؑ پر حملہ

اب اگر مطابق زعم مولوی عمر الدین یہ تسلیم کر لیا جائے۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ کی اس تحریر کو پیش کرتے ہوئے دانستہ محدث کی جگہ نبی کا لفظ لکھدیا۔ تو اس سے غیر احمدیوں کو حق پہنچتا ہے۔ کہ وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر معاذ اللہ بددیانتی اور تحریف کا الزام لگائیں غیر مبائعین یہ کہکر غیر احمدیوں سے پیچھا نہیں چھڑا سکتے۔ کہ چونکہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نزدیک محدث کو نبی کہنا جائز ہے۔ اس لئے آپ نے مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ کی تحریر پیش کرتے ہوئے محدث کی بجائے نبی کا لفظ لکھدیا۔ کیونکہ اپنے کسی عقیدہ کی بناء پر دوسرے کی عبارت میں تبدیلی۔ ایسا فعل آپ کی طرف کبھی منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ ہاں اگر مولوی عمر الدین یا کوئی اور غیر مبائع مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ کی کسی تحریر سے ثابت کر دکھائے۔ کہ ان کے نزدیک بھی محدث کو نبی کہنا جائز ہے۔ تو البتہ ان کا یہ خیال قابلِ اعتنا ہو سکتا ہے۔

غیر مبائعین کا مطالبہ

کچھ عرصہ سے مولوی عمر الدین بڑی تعلّی سے جماعت احمدیہ سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں۔ کہ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا اشارہ اس جگہ مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی اس تحریر کی طرف نہیں ہے جس میں انہوں نے کثرت مکالمہ مخاطبہ پانے والے کو محدث لکھا ہے۔ تو پھر وہ حوالہ مکتوبات کا پیش کیا جائے جس کی بناء پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حقیقۃ الوحی صفحہ ۳۹۰ پر محولہ بالا عبارت لکھی ہے۔ چونکہ جب سے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے مولوی عمر الدین کو ان کی بعض منافقانہ حرکات کی بناء پر جماعت احمدیہ سے خارج کیا ہے مولوی صاحب پیغامیت کی چار دیواری میں پناہ گزین ہو کر اپنی سابقہ تحریرات کو بھی پسِ پشت ڈالتے ہوئے نہایت کج بحثی پر اتر آئے ہیں اس لئے ان سے یہ امید نہیں۔ کہ وہ کج بحثی چھوڑ دیں۔ البتہ اس خیال سے کہ شائد کوئی اور سعید رُوح فائدہ اٹھائے۔ وہ حوالہ پیش کیا جاتا ہے۔

غیر مبائعین کا خیال

مولوی عمر الدین اور دیگر غیر مبائعین کا یہ خیال ہے۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ کے حسب ذیل الفاظ کا حوالہ دیا ہے

ان کلام اللہ قد یکون شفاھًا و ذالک الافراد من الانبیاء وقد یکون لبعض الکمل من متابعیھم

(جلد دوم مکتوب ۵۱) یعنی اللہ تعالیٰ کا کلام کبھی شفاہًا ہوتا ہے۔ اور یہ افراد انبیاء علیہم السلام میں سے ہوتے ہیں۔ اور کبھی ان کے بعض کامل متبعین سے بھی ایسا مکالمہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد لکھا ہے جس کو کثرت سے ایسا مکالمہ ہو۔ وہ محدث کہلاتا ہے۔

میری تحقیق اس بارہ میں یہ ہے۔ کہ یہ حوالہ وہ نہیں جس کا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حقیقۃ الوحی صفحہ ۳۹۰ پر ذکر فرمایا ہے۔ کیونکہ محولہ بالا عربی عبارت میں مجدد صاحب نے خاص طور پر امتِ محمدیہ کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ وہ علی العموم انبیاء اور ان کے متبعین کا ذکر فرما رہے ہیں۔ لیکن حضرت مسیح موعود علیہ السلام مجدد صاحب کی جس عبارت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں۔ اس میں خصوصیت سے امتِ محمدیہ کا ذکر ہونا چاہیئے۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا پیش کردہ حوالہ یوں ہے "اگرچہ اس امت میں سے بعض افراد مکالمہ مخاطبہ الٰہیہ کے لئے مخصوص ہیں۔ اور قیامت تک مخصوص رہیں گے لیکن جس شخص کو بکثرت اس مکالمہ مخاطبہ سے مشرف کیا جائے۔ اور بکثرت امور غیبیہ اس پر ظاہر کئے جائیں۔ وہ نبی کہلاتا ہے"

گویا حضرت مسیح موعود علیہ السلام مجدد صاحب سرہندی علیہ الرحمۃ کی کسی ایسی تحریر کا ذکر فرما رہے ہیں۔ جس میں صرف امتِ محمدیہ کے افراد کا ذکر ہے۔ چونکہ متذکرۃ الصدر حوالہ میں خصوصیت سے امتِ محمدیہ کا ذکر نہیں۔ لہٰذا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی مراد اس جگہ وہ حوالہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ جو غیر مبائعین پیش کرتے ہیں۔

اصل حوالہ

میرے نزدیک حضرت مسیح موعود علیہ السلام اس جگہ مکتوبات مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ جلد اول کے مکتوب ۳۱۰ کی ایک عبارت کا مفہوم پیش فرما رہے ہیں۔ جو یہ ہے:۔

"متشابہاتِ قرآنی نیز از ظاہر معروف اند و بر تاویل محمول قال اللہ تعالیٰ وما یعلم تاویلہ الا اللہ۔ یعنی تاویل آں متشابہ را ہیچ کس نمیداند۔ مگر خدائے عزوجل۔ پس متشابہ نزد خدائے جل وعلا نیز محمول بر تاویل است۔ واز ظاہر معروف و علمائے راسخین را نیز از علم ایں تاویل نصیبے عطا مے فرمائد۔ چنانچہ بر علم غیب کہ مخصوص باوست سبحانہ خلص رسل را اطلاع مے بخشد۔ وآں تاویل را خیال نکنی کہ در رنگ تاویل ید است بقدرت و تاویل وجہ بذات۔ حاشا وکلا آں تاویل از اسرار است و باخص خواص علم آں عطا مے فرمائد"

یعنی قرآن مجید کی آیاتِ متشابہات بھی ظاہری معنوں سے معروف اور تاویل پر محمول ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ما یعلم تاویلہ الا اللہ یعنی اس متشابہ کی تاویل کو سوائے خدائے عزوجل کے کوئی نہیں جانتا۔ پس متشابہ خدائے بزرگ وبلند کے نزدیک بھی تاویل پر محمول ہے۔ اور اپنے ظاہری معنوں سے معروف ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علمائے راسخین کو بھی اس تاویل کے علم سے ایک حصہ عطا فرماتا ہے چنانچہ غیب کے علم پر جو خدا تعالیٰ سے مخصوص ہے۔ وہ اپنے برگزیدہ رسولوں کو اطلاع بخشتا ہے۔ اور اس تاویل کے متعلق یہ خیال نہ کرنا۔ کہ یہ اس رنگ کی تاویل ہوتی ہے۔ جیسا کہ ید (ہاتھ) کی تاویل قدرت اور وجہ (چہرہ) کی تاویل ذات سے ہے۔ حاشا وکلا۔ وہ تاویل تو اسرار الٰہی سے ہے۔ کہ خاص لوگوں سے بھی اخص کو اس کا علم عطا فرماتا ہے۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کی سادگی اور اولوالعزمی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

معزز قارئین! اس وقت ہمیں اس عظیم الشان انسان کا تذکرہ مقصود ہے۔ جو اہل اسلام کا بہترین جرنیل زبردست سیاست دان اور اولوالعزم خلیفہ تھا۔ کون ہے جو آپ کے مقدس نام سے واقف نہیں۔ ہندو۔ عیسائی۔ یہودی سبھی آپ کو جانتے اور آپکے عظیم الشان کارہائے نمایاں سے پوری طرح واقف ہیں۔

شاندار اسلامی عہد

تاریخ اسلام میں آپ کا عہد خلافت وہ شاندار زمانہ ہے جسکو مورخین گولڈن ایج (زرین زمانہ) سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے۔ کہ جس قدر فتوحات اور کامیابیاں اس شہنشاہ عرب وعجم کے عہد میں ہوئیں اور جس قدر بڑے بڑے ملک ان کے زمانہ میں اسلام کے جھنڈے کے نیچے آئے۔ اس کی مثال بعد میں نہیں ملتی۔ فارس وشام جیسی عظیم الشان سلطنتوں کی شاندار فتوحات سے تمام عرب مالا مال ہو چکا تھا لیکن وہ بادشاہ عرب ہر قسم کی زیب وزینت اور شان وشوکت سے محترز رہتا۔ اور مسلمانوں کو تلقین کرتا۔ کہ جب تک سادگی کو اپنا شعار بنائے رکھوگے۔ اس وقت تک مظفر ومنصور رہوگے کامیابی و کامرانی تمہارے ہمرکاب رہیگی۔ اور اسے چھوڑ کر تکلف وتجمل اختیار کروگے اور آرام و آسائش کو ترجیح دوگے۔ تو تمہاری ترقیات کا خاتمہ ہو جائے گا۔

آپ نہایت سادہ غذا استعمال فرماتے لباس بھی بہت سادہ ہوتا۔ آپ نے اپنے قابل اور لائق فرزند ارجمند کو تمام زمانہ خلافت میں کوئی بڑا منصب عطا نہیں کیا۔ بلکہ آپ ہمیشہ اس بات کو مدنظر رکھتے کہ سابقون کو ترجیح دی جائے۔ آپ کے گھر میں بھی حد درجہ کی سادگی تھی۔

فتح یوروشلم کا واقعہ

غرضکہ سادگی آپ کا ایک شاندار وصف تھا۔ جسے آپ نے ہر موقعہ پر پیش نظر رکھا۔ فتح یوروشلم کے وقت کا ذکر ہے۔ کہ جب اسلامی سپاہیوں کو بیت المقدس کے قلعہ کا محاصرہ کئے ہوئے برابر چار ماہ گذر گئے اور رومی سپاہی عربوں کی تیر اندازی اور محاصرہ سے تنگ آگئے۔ تو چند معزز آدمی اپنے سالار لشکر بطریق کے پاس گئے۔ اور جا کر کہا عربوں نے ہمیں بہت تنگ کر رکھا ہے۔ بہتر ہو کہ ہم ان سے صلح کر لیں۔ اور ہر طرح سے ان کی حفاظت میں آجائیں۔ بطریق یہ سنکر بیت المقدس کے قسیس اعظم کے پاس گیا۔ اور تمام ماجرا کہہ سنایا۔ قسیس اعظم نے کہا اچھا اگر تمہیں عربوں کے مقابلہ کی تاب نہیں۔ اور بیت المقدس کی حفاظت نہیں کر سکتے۔ تو یہی قرین مصلحت ہے۔ کہ صلح کر لو۔ اور میری رائے یہ ہے۔ کہ اہل عرب کا خلیفہ خود آئے تا کہ ہم اس سے عہد وپیمان کر کے قلعہ کی کنجیاں اس کے سپرد کر دیں۔ اس طرح عرب ہمیں ایذا نہیں پہنچا سکیں گے۔ اسپر بطریق نے کہا۔ کہ اہل عرب کی بابت ہم سنتے ہیں۔ کہ جب وہ کسی کو امان میں لے لیتے ہیں۔ تو نیک سلوک کرتے ہیں۔ کسی کے مال واسباب اور جائداد کو نقصان نہیں پہنچاتے۔ ان کی زمینوں کو نہیں چھینتے۔ شہر والوں کی مذہبی رسوم میں قطعاً مداخلت نہیں کرتے۔ دمشق وغیرہ کی فتوحات میں بھی انہوں نے ایسا ہی کیا۔ پھر کیا ضرورت ہے کہ بلاوجہ ان کے خلیفہ کو تکلیف دیں۔ بہتر یہی ہے کہ جو سپہ سالار اسلام طے کرے۔ اسے ہم مان لیں۔ لیکن قسیس اعظم نہ مانا۔ اور کہا بیت المقدس کی عظمت وبزرگی اس بات کی مستحق ہے۔ کہ خلیفہ اسلام خود آئے چنانچہ رومی قاصد سپہ سالار اسلام حضرت ابوعبیدہ کی خدمت میں یہ پیغام لیکر حاضر ہوا۔ آپ نے اس بات کو منظور کر لیا۔ اور حضرت امیر المومنین کی خدمت میں اس مضمون کا خط لکھکر میسرہ بن مسروق کے حوالہ کیا۔ جب قاصد بارگاہ خلافت میں حاضر ہوا اور خط پیش کیا۔ تو حضرت عمر فاروق رضؓ نے اسے پڑھ کر حضرت علی سے جو بہت صائب الرائے تھے مشورہ لیا۔ انہوں نے کہا آپ کا جانا مبارک ہوگا اور مجھے امید ہے یروشلم آپ کے جانے سے فتح ہو جائے گا۔ اس پر آپ نے رخت سفر باندھ لئے۔ مگر وہ فارس وشام کا فاتح اور جلیل القدر پر سطوت وشوکت بادشاہ جسکے نام سے قیصر وکسریٰ جیسی عظیم الشان سلطنتیں کانپتی تھیں اور جن کی سیاست مدنی اور اولوالعزمی کی تمام عرب میں دھاک بیٹھ چکی تھی۔ ایک اونٹ اور ایک خادم کو ہمراہ لیکر مدینہ سے یروشلم کی طرف روانہ ہوئے ہر منزل میں نصف رستہ آپ اونٹ پر سوار ہوتے اور نصف رستہ اپنے خادم کو سوار کر کے خود پیدل چلتے۔ غرض اسی طرح منزلیں طے کرتے جب آپ شام کے قریب آخری منزل پر پہونچے۔ تو وہاں چند عربی سپاہیوں نے آپ کا استقبال کیا آپ نے ان سے لشکر اسلام کی خیریت پوچھی۔ انہوں نے خیریت بتائی۔ اور پھر عرض کیا آپ ہمیں اجازت دیں کہ ہم آپ کی تشریف آوری کی خبر حضرت ابو عبیدہ کو دیں جب حضرت ابو عبیدہ امیر المومنین کے پاس پہونچے تو عرض کیا۔ کہ حضور آپ کا لباس پھٹا ہوا ہے۔ بہتر ہو کہ آپ دوسرا لباس تبدیل کریں۔ اور بجائے اونٹ کے گھوڑے پر سوار ہو جائیں۔ آپ نے یہ بات مان لی لیکن تھوڑی دیر کے بعد پھر پہلا ہی لباس پہن لیا۔ اور اونٹ پر سوار ہو گئے۔ جب آپ کیمپ میں پہونچے۔ تو اونٹ سے اتر کر دعا مانگی پھر صحابہ کو مخاطب کر کے خطبہ پڑھا جس میں ان کو سادگی۔ اطاعت فرمانبرداری اور دنیا کی ناپائیداری کی تلقین فرمائی۔

اس کے بعد ابو عبیدہ نے قلعہ بند رومیوں کے پاس ایلچی بھیجکر حضرت عمر رضؓ کے آنے کی اطلاع دی۔ یہ اطلاع پہونچتے ہی بیت المقدس کا قسیس اعظم رومی فوج کا بطریق اور بیت المقدس کا حاکم مع اپنے سرداروں کے حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس شہنشاہ عرب اور فاتح شام وفارس کو نہایت سادگی میں فرش پر بے تکلف اپنے مصاحبوں میں بیٹھے دیکھکر سخت حیران ہوئے۔ آپ ان سے نہایت خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ انہوں نے آپ کی حفاظت میں آنا منظور کیا۔ اور اسی طرح بیت المقدس آپ کے مبارک ہاتھوں سے فتح ہوا۔

مورخین کی رائے

یہ ہے وہ واقعہ جو آپ کی سادگی اور اولوالعزمی کا شاندار فوٹو ہے۔ اور بھی کئی مثالیں آپ کی سادہ زندگی کی ملتی ہیں جن کو پڑھکر اپنے اور پرائے ہندو اور عیسائی مسلم وغیر مسلم سب آپ کی تعریف کے گیت گاتے ہیں۔ اور اس بات کو نہایت صفائی سے تسلیم کرتے ہیں۔ کہ فی الحقیقت عمرؓ عظیم الشان اور اولوالعزم انسان تھا۔ چنانچہ ایک بہت بڑا عیسائی مورخ جس کا نام ایڈورڈ گیبن ہے۔ لکھتا ہے:۔

عمرؓ نے خلافت کی باگ ڈور ہاتھ میں لیکر یہ تشویش ظاہر کی تھی کہ وہ ابوبکر کے قدم پر کس طرح چل سکیگا۔ مگر عمر کی گذران ابوبکر سے بھی زیادہ سادہ اور کم خرچ تھی۔ اسکی خوراک جو کی روٹی اور کھجوریں تھیں۔ وہ ایک ہی پیراہن رکھتا تھا جس میں بارہ پیوند لگے ہوئے تھے۔ جب ایک ایرانی گورنر اس کے پاس آیا تو وہ اسوقت مسجد کی سیڑھیوں پر بے تکلف سویا ہوا تھا۔ دراصل کفایت شعاری فیاضی کا سرچشمہ ہے۔ عمر کی آمدنی جب بہت زیادہ ہو گئی تو اس نے لوگوں کے وظیفے مقرر کر دئے لیکن اپنے لئے کچھ نہ رکھا۔ اسکی اور ابوبکر کی خلافت میں عرب کے خلیفے خدا اور قوم کے بڑے معتبر معتمد اور امین خادم تھے اور انہوں نے شاہی اقتدار کیساتھ جمہوری مساوات اور کفایت شعاری کے اصول نہایت عجیب طرز سے پیوست کر رکھے تھے۔

کمال رواداری

حضرت عمر رضؓ نے اپنی اولوالعزمی اور کمال سیاست سے وسیع سلطنت کے ایسے شاندار قواعد وضوابط مرتب کئے اور اپنے گورنروں اور جرنیلوں کو ایسے قوی ہاتھ سے قابو میں رکھا کہ دنیا میں ایسی مثالیں ملنی مشکل ہیں۔ باوجود اس کے کہ آپ کبھی جنگ میں شامل نہ ہوئے۔ لیکن آپ کی دوربین نگاہ ہر جگہ پہنچتی۔ اور آپ ضروری ہدایات دیتے۔ آپ نے ہمیشہ دشمنوں کے ساتھ کمال رواداری اور رافت کا سلوک کیا جنہوں نے امان مانگی۔ ان کو امان دی۔ اور پوری طرح حفاظت میں لیکر اعلان کر دیا۔ کہ ان کی جان و مال محفوظ ہے۔ ان کو مذہبی اور سوشل آزادی حاصل ہے۔ انکی اراضی اور جائیداد جس طرح پہلے ان کے قبضہ میں تھیں اب بھی بدستور رہینگی۔ ان کے عبادتخانوں میں کسی قسم کی مداخلت نہ کی جائے۔ کوئی گرجا مسلمانوں کی مسجد یا مکان بنانے کیلئے گرایا نہ جائے۔ غرضیکہ تاریخ اسلام میں عہد فاروقی نہایت درخشندہ عہد ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ رسول عربی (فداہ امی وابی) کا یہ ایک ایسا گوہر آبدار تھا جسنے حیرت انگیز کارہائے نمایاں دکھائے۔ خدا تعالےٰ کی ہزاروں رحمتیں اسپر ہوں؛

ملک نذیر احمد ریاض مولوی فاضل جامعہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تحریک جدید کے ماتحت تبلیغ بیرون ہند

بلگریڈ صدر مقام یوگوسلیویا میں جماعت احمدیہ

ایک احمدی مجاہد کی تبلیغی رپورٹ

قبولِ احمدیت

خداوند کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے محض اپنے فضل و کرم سے ماہ فروری میں پانچ اور اصحاب کو احمدیت میں داخل ہونے کی توفیق بخشی۔ اس ماہ میں دو تین سوسائیٹیوں میں جانے کا موقعہ ملا۔ جہاں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فوٹو اور احمدی جماعت کی تبلیغی کارگزاریوں کے دکھانے کے ساتھ پیغام حق پہونچایا گیا۔ اگرچہ زبان سے پوری طرح واقف نہ ہونے کے باعث بہت حد تک اظہار ما فی الضمیر میں عاجز رہا۔ تاہم اتنا ضرور سمجھا دیا۔ کہ مہدی ظاہر ہوگیا ہے۔ اور دنیا میں اس نے اپنا مشن بڑے زور شور سے پھیلاتے ہوئے اسلام کو غالب کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اور وہ اپنی اس کوشش میں دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے

تبلیغ بذریعہ دعوت

اس ماہ میں تین دفعہ دعوت دی گئی جس میں متعدد دوست آئے۔ ان میں سے قابلِ ذکر فلسطین کے ایک بہت بڑے تاجر ہیں۔ یہ مدت سے یہاں سے کچھ فاصلہ پر سکونت پذیر ہیں۔ گاہ بگاہ بلگریڈ بھی آتے رہتے ہیں۔ اس دفعہ مسلمان رسٹورنٹ میں کھانا کھانے کے دوران میں معلوم ہوا۔ کہ آپ عربی جانتے ہیں اور مسلمان ہیں۔ میں نے فوراً ان کو اور مالک رسٹورنٹ کو دعوت دی۔ جس کو انہوں نے بخوشی قبول کیا۔ اور اتوار کے دن چھ بجے شب باوجود بارش کے تشریف لائے۔ احمدیت کے متعلق معلومات بہم پہونچائی گئیں۔ متعدد ملکوں میں مساجد اور اشاعتِ اسلام کے متعلق مرکز قائم ہونے کا ذکر کیا۔ البشریٰ کے نمبر اور ان کی خواہش پر ایک پرچہ الفضل کا دیا گیا۔ انہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فوٹو بھی مانگا۔ مگر افسوس اس وقت موجود نہ تھا۔ مالک رسٹورنٹ نے تو اسی وقت بیعت کا فارم پُر کردیا۔ اور اسی وقت داخل سلسلہ ہوگئے پہلے بھی ان کو گاہے بگاہے البانین زبان میں تبلیغ کرتا رہتا تھا۔ اس دن انہوں نے بالکل معاملہ صاف کردیا۔ یہ دوست اصل میں البانین نہیں۔ مدت سے یہاں رہنے کی وجہ سے یہیں کے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کے کھانے کے لئے ہوٹل جاری کیا ہوا ہے۔ خدا کے فضل سے اچھی آمدنی ہے۔ صرف یہی ایک مسلمانوں کا ہوٹل ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب الاستفتار کی پانچ کاپیاں چند چیدہ چیدہ علمار کو ارسال کی گئیں۔ اور کئی تبلیغی خطوط ارسال کئے۔ یہاں سے کچھ فاصلہ پر مسلمانوں کا ایک مرکز ہے۔ وہاں بھی بعض علما کو عربی لٹریچر بھیجا۔ اور خاص بلگریڈ میں بعض مسلمان پروفیسروں اور دوسرے عیسائی یہودی ڈاکٹروں سے ملاقات ہوئی اور انگریزی لٹریچر دیا گیا۔

عید اضحیٰ

